حاصل ہے اور اگرچہ انگریزی ادب میں طنز کے بھی لاجواب نمونے ملتے ہیں تاہم یہ ایک بات شاید صرف انگریزی ادب ہی سے مخصوص ہے کہ یہاں مزاح طنز کا لبادہ اوڑھے بغیر نمودار ہوا اور ادب اور معاشرے میں ایک مخصوص مقام حاصل کرتا چلا گیا — انگریزی ادب میں خالص مزاح کی اس بے محابا آمد کی پہلی بڑی وجہ تو انگریزی فضا کا وہ گھریلو پن ہے جو اس ملک کی ہر شے پر ایک لطیف دھند کی طرح مسلط ہے دوسری وجہ انگریزی کردار کی وہ انفرادیت اور ناہمواری ہے جو انگریزی فضا انگریزی خاندان اور نتیجۃً انگریزی ادب میں ایک "مزاحیہ کردار" کی صورت میں بڑے بھرپور انداز میں موجود ہے اور تیسری وجہ سکون و عافیت کی وہ فضا ہے جو مسلسل خانہ جنگیوں بیرونی حملوں اور ملکی انقلابوں سے بڑی حد تک محفوظ رہی اور جس کے باعث انگریزی خاندان کے حلقے میں بھی سکون و عافیت کا دور دورہ رہا —

لیکن انگریزی ادب کا یہ خالص مزاح آغاز کار ہی سے انگریزی ادب کا طرۂ امتیاز نہیں رہا ہے — دراصل یہاں "خالص مزاح" کا عروج ایک نسبتاً" جدید تر واقعہ ہے اور انیسویں صدی سے قبل اس کا وہ مخصوص رنگ غائب ہے جو انیسویں صدی کے نصف اول میں جین آسٹن کی تحریروں سے نمودار ہوا اور جو گال ورلے تک پہنچتے پہنچتے بمشکل اپنے بھرپور انداز سے ظاہر ہو سکا — مگر یہ بات مستثنیات کے تابع ضرور ہے — چنانچہ مزاح کے ہلکے رنگوں کو شیکسپیئر — سٹرن —